11561-قرآن کریم حفظ کرنے کا عملی طریقہ کار

سوال

مجھے قرآن کریم حفظ کرنے کا آسان ترین طریقہ جاننا ہے۔

پسندیدہ جواب

قرآن کریم حفظ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ :
قران کریم کو حفظ کرنے کے لیے مداومت ضروری ہے، لوگ قرآن کریم دو طرح سے یاد کرتے ہیں :

پہلا طریقہ : چھوٹی اور بڑی آیات کو مد نظر رکھتے ہوئے ایک، ایک آیت ۔ دو، دو آیات ۔ یا تین، تین آیات یاد کرے ۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ :

یک بارگی پورا، پورا صفحہ یاد کرے ۔

اس بارے میں مختلف آراہیں کہ پورا پورا ایک صفحہ یاد کرکے بار بار اسے دہرائے یہ بہتر ہے یا ایک ہی آیت کو بار بار دہراتا رہے اور جب تک یہ آیت یاد نہ ہوجائے اس وقت تک اگلی آیت شروع نہ کرے، اس طرح اپنا حفظ مکمل کرے ۔

پھر یہاں اس بات کی طرف بھی توجہ ہونی چاہیے کہ آپ پہلا طریقہ اختیار کریں یا دوسرا جب تک ایک سبق اچھی طرح یاد نہ ہوجائے تو اس وقت تک آگے نہ بڑھے، اس لیے پہلا سبق اچھی طرح یاد ہو تبھی اگلا سبق لے، تاکہ سبقی کمزور نہ ہو، اور سابقہ منزل کو صبح سویرے ضرور دہرائے، چنانچہ جب یہ یقین ہوجائے کہ سبق اچھی طرح یاد ہوگیا ہے تبھی اگلا سبق لے ۔